© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## صراطِ مستقیم

ملفوظات : سید احمد شہید بریلوی

جمع و ترتیب : مولانا اسماعیل شہید — و مولانا عبدالحیٔ بڈھانوی

ناشر : المکتبۃ السلفیہ۔ شیش محل روڈ، لاہور۔

صفحات : ۱۶۸ - کاغذ، کتابت، طباعت، سرورق عمدہ، سائز ۲۰×۲۶/۸، قیمت پندرہ روپے

حضرت سید احمد شہید بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی کو برصغیر پاک و ہند کی تاریخ میں انتہائی اہمیت حاصل ہے۔ وہ ان دیار میں روشنی کا بلند مینار تھے۔ اس نواح میں اسلامی حکومت کے قیام کی طرح سب سے پہلے اسی پاک باز ہستی اور ان کے رفقائے عالی مقام نے ڈالی اور وہ اسی راہِ حق میں جہاد کرتے ہوئے جنت کو سدھارے۔ رحمہم اللہ تعالیٰ اجمعین۔

زیر نظر کتاب "صراطِ مستقیم" ان کے ملفوظات کا عمدہ ترین مجموعہ ہے، جسے ان کے دو عظیم الشان ساتھیوں اور جلیل القدر عالموں — مولانا اسماعیل شہید دہلوی اور مولانا عبدالحیٔ بڈھانوی رحمہما اللہ — نے مرتب فرمایا۔ حضرت سید فرماتے جاتے تھے اور یہ دونوں بزرگ ان کے ارشادات معرضِ تحریر میں لاتے جاتے تھے، پھر حضرت اسے باقاعدہ سنتے اور مناسب اصلاح فرماتے تھے۔ اس طرح یہ علمی مجموعہ پایۂ تکمیل کو پہنچا اور کتاب کی شکل میں ہمارے سامنے آیا۔

یہ کتاب فارسی زبان میں ہے اور اس میں نبوت، رسالت، عبادات، طریقت، زہد، تصوف، تلاوتِ قرآن، اخلاقِ حسنہ وغیرہ کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں اور ان کے فوائد و درجات سے تعرض کیا گیا ہے۔ نیز بدعات، شرک، غلط رسوم و عوائد، اخلاقِ رذیلہ وغیرہ کی قباحتوں کو اجاگر کیا گیا ہے۔

کتاب اپنے موضوع میں نہایت شاندار ہے، عرصے سے نایاب تھی اور اہلِ علم اس کی سخت ضرورت محسوس کر رہے تھے۔ المکتبۃ السلفیہ نے اس کی طباعت کا اہتمام کر کے علم کی اہم خدمت انجام دی ہے۔ چھپائی اور طباعت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں اپنا وہ معیار قائم رکھا ہے، جو اس کی اعلیٰ روایت بن چکا ہے۔

## حیاتِ شیخ الہند

تالیف : مولانا سید اصغر حسین

ناشر : ادارۂ اسلامیات، انارکلی۔ لاہور

صفحات ۲۷۲ - قیمت ۱۸ روپے

برصغیر کی سرزمین علم وعمل کے اعتبار سے ہمیشہ سرسبز اور زرخیز رہی ہے۔ اس سے متعدد ایسی بڑی شخصیتیں پیدا ہوئی ہیں کہ ان کی کم ہی مثالیں ملتی ہیں۔ علم وعمل، تحقیق، جدوجہد، قربانی، ایثار، تدین، تقویٰ ہر اعتبار سے ان کا مقام بلند ہے۔ انہی خوش بخت حضرات کی فہرست میں حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی کا اسمِ گرامی شامل ہے۔ حضرت شیخ الہند کے عمل و ایثار کی داستان انتہائی دلچسپ اور قابلِ مطالعہ ہے۔ انگریز کے خلاف انھوں نے جو جہاد کیا اور اس کے نتیجے میں جن مشکلات و مصائب سے دوچار ہوئے، وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ پھر دارالعلوم دیوبند میں جو تدریسی خدمات انجام دیں اور جن حضرات نے ان سے استفادہ کیا، وہ بھی سب کے سامنے ہے۔

زیرِ تبصرہ کتاب "حیات شیخ الہند" حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ کے حالات و کوائف کی مفصل تاریخ ہے۔ اس میں ان کے خاندان، اساتذہ، تلامذہ، تعلیمی خدمات، زمانۂ اسارت، ایام قید و بند وغیرہ کی تمام تفصیلات درج ہیں۔ تحریکِ آزادی اور اس کے پس منظر کو سمجھنے کے لیے اس قسم کی کتابوں کا مطالعہ بڑا ضروری ہے۔ اس کتاب سے معلوم ہوگا کہ علمائے برصغیر نے اس ملک سے انگریز کو نکالنے اور حصولِ آزادی کے لیے کیا کوششیں کیں اور اس سلسلے میں کن مصائب و آلام کا کس جرأت و ہمت کے ساتھ مقابلہ کیا۔

(م، ا، ب)

## کشف الابیات اقبال

مرتبین : ڈاکٹر محمد صدیق شبلی۔ ڈاکٹر محمد ریاض

ناشر : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد، ۱۹۷۷ء

صفحات ۲۰۰، قیمت -/۴۰ روپے

علامہ اقبال اس اعتبار سے برصغیر کے مقبول ترین شاعر ہیں کہ ان کے اشعار ہر طبقے میں زبان زدِ عام ہیں۔

© rasailojaraid.com